روزنامہ

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 7 ستمبر 2005ء 2 شعبان 1426 ہجری 7 تبوک 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 199

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

مبارک وہ قیدی جو دعا کرتے ہیں۔ تھکتے نہیں۔ کیونکہ ایک دن رہائی پائیں گے۔ مبارک وہ اندھے جو دعاؤں میں سست نہیں ہوتے کیونکہ ایک دن دیکھنے لگیں گے۔ مبارک وہ جو قبروں میں پڑے ہوئے دعاؤں کے ساتھ خدا کی مدد چاہتے ہیں۔ کیونکہ ایک دن قبروں سے باہر نکالے جائیں گے۔

مبارک تم جبکہ دعا کرنے میں کبھی ماندہ نہیں ہوتے اور تمہاری روح دعا کے لئے پگھلتی اور تمہاری آنکھ آنسو بہاتی اور تمہارے سینہ میں ایک آگ پیدا کر دیتی ہے اور تمہیں تنہائی کا ذوق اٹھانے کے لئے اندھیری کوٹھڑیوں اور سنسان جنگلوں میں لے جاتی ہے اور تمہیں بے تاب اور دیوانہ اور از خود رفتہ بنا دیتی ہے۔ کیونکہ آخر تم پر فضل کیا جاوے گا۔ وہ خدا جس کی طرف ہم بلاتے ہیں نہایت کریم و رحیم۔ حیا والا۔ صادق وفادار۔ عاجزوں پر رحم کرنے والا ہے۔ پس تم بھی وفادار بن جاؤ اور پورے صدق اور وفا سے دعا کرو۔ کہ وہ تم پر رحم فرمائے گا۔ دنیا کے شور و غوغا سے الگ ہو جاؤ۔ اور نفسانی جھگڑوں کا دین کو رنگ مت دو۔ خدا کے لئے ہار اختیار کر لو اور شکست کو قبول کر لو تا بڑی بڑی فتحوں کے تم وارث بن جاؤ۔ دعا کرنے والوں کو خدا معجزہ دکھائے گا۔ اور مانگنے والوں کو ایک خارق عادت نعمت دی جائے گی۔ دعا خدا سے آتی ہے اور خدا کی طرف ہی جاتی ہے۔ دعا سے خدا ایسا نزدیک ہو جاتا ہے جیسا کہ تمہاری جان تم سے نزدیک ہے۔ دعا کی پہلی نعمت یہ ہے کہ انسان میں پاک تبدیلی پیدا ہوتی ہے۔ پھر اس تبدیلی سے خدا بھی اپنی صفات میں تبدیلی کرتا ہے۔ اور اس کے صفات غیر متبدل ہیں مگر تبدیلی یافتہ کے لئے اس کی ایک الگ تجلی ہے جس کو دنیا نہیں جانتی۔ گویا وہ اور خدا ہے حالانکہ اور کوئی خدا نہیں مگر نئی تجلی نئے رنگ میں اس کو ظاہر کرتی ہے۔ تب اس خاص تجلی کے شان میں اس تبدیل یافتہ کے لئے وہ کام کرتا ہے جو دوسروں کے لئے نہیں کرتا۔ یہی وہ خوارق ہے۔

غرض دعا وہ اکسیر ہے جو ایک مشت خاک کو کیمیا کر دیتی ہے اور وہ ایک پانی ہے جو اندرونی غلاظتوں کو دھو دیتا ہے۔ اس دعا کے ساتھ روح پگھلتی ہے اور پانی کی طرح بہہ کر آستانہ حضرت احدیت پر گرتی ہے۔

(لیکچر سیالکوٹ۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 222)

سوتے وقت کی دعا

حضرت براء بیان عازبؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ایک شخص کو سوتے وقت جو دعا سکھائی اس میں یہ الفاظ بھی تھے۔

اے اللہ میں نے اپنی جان تجھے سونپی اور اپنی توجہ تیری جانب کر لی اور اپنا سب معاملہ تیرے سپرد کر دیا اور تجھے ہی اپنا سہارا بنایا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الدعوات باب اذا بات طاھراً حدیث نمبر 5952)

تبرکات حضرت بانی سلسلہ

سیدنا حضرت بانی سلسلہ کے تمام تبرکات کو تاریخی طور پر مستند قرار دینے کیلئے اعلان ہذا کے ذریعہ ایسے احباب جماعت جن کی تحویل میں سیدنا حضرت بانی سلسلہ کا کوئی تبرک ہے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ حضرت امام جماعت کی قائم فرمودہ تبرکات کمیٹی کو درج ذیل ایڈریس پر اطلاع بھجوا کر ممنون فرمائیں۔ اطلاع آنے پر ان احباب کی خدمت میں ایک فارم بھجوایا جائے گا جسے پر کر کے وہ کمیٹی کو واپس بھجوائیں گے۔ اس صورت میں کمیٹی ان تبرکات کا اندراج اپنے ریکارڈ میں محفوظ کر سکے گی۔

(سیکرٹری تبرکات کمیٹی دفتر نظارت تعلیم ٹیلی فون: 0092-4524-212473)

ڈاکٹرز کی ضرورت

فضل عمر ہسپتال میں ڈاکٹرز کی درج ذیل آسامیاں خالی ہیں۔ جو ڈاکٹر صاحبان خدمت خلق کا جذبہ رکھتے ہوں وہ اپنی درخواستیں مع اسناد کی نقول اور تجربہ کے سرٹیفکیٹ بنام ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ ارسال کریں۔ درخواست صدر صاحب محلہ امیر جماعت سے تصدیق شدہ ہوں۔

تفصیل آسامیاں

1۔ فزیشن 2۔ چائلڈ سپیشلسٹ
3۔ آئی سپیشلسٹ 4۔ پیڈز رجسٹرار
5۔ گائنی رجسٹرار 6۔ میڈیکل آفیسرز
7۔ سرجیکل رجسٹرار (دو آسامیاں)

(ایڈمنسٹریٹر)

ماہر نفسیات کی آمد

مکرم ڈاکٹر فرید اسلم منہاس ماہر نفسیات مورخہ 25 ستمبر 2005ء فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کرینگے۔ ضرورت مند احباب وخواتین استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی پرچی بنوالیں مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر)

مشعل راہ

سفر میں آسانی کے لئے خدا سے خیر طلب کریں

حضرت امام جماعت خامس فرماتے ہیں:۔

یہ بھی یادرکھیں کہ دنیا میں لڑائی، جھگڑے، فساد اس وقت زیادہ بڑھتے ہیں جب انسان دوسرے انسان پر بھروسہ کرتا ہے یا بھروسہ کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ انسانوں سے زیادہ توقعات رکھتا ہے۔ اللہ کی بجائے انسانوں پر توقعات ہوتی ہیں۔ ان پر زیادہ امیدیں لگا کے بیٹھا ہوتا ہے۔ تو جب اس سوچ کے ساتھ جو کسی کے گھر مہمان بن کر آئیں گے یا جائیں گے تو مہمانوں میں بھی اور میزبانوں میں بھی ہمیشہ بدظنیاں پیدا ہوں گی اور رنجشیں پیدا ہوں گی۔ اور ہمارے معاشرے میں تو بعض طبیعتیں اس کو کچھ زیادہ محسوس کر لیتی ہیں اور دلوں میں رنجشیں پالتے رہتے ہیں۔ یہ سب تقویٰ کی کمی ہے، اس کے علاوہ کچھ نہیں۔ بعض لوگ جو عقلمند ہیں بڑا اچھا کرتے ہیں کہ اپنے چھوٹے خیمے لگا کر اپنی رہائش کا بندوبست کر لیتے ہیں۔ مجھے نہیں پتہ کہ یہاں یہ انتظام ہے کہ نہیں اور پھر جو صاحب استطاعت ہیں وہ اپنے کاروان (Caravan) بھی لے کے آجاتے ہیں۔ اور یہ بڑی اچھی بات ہے۔ آزادی سے رہتے ہیں۔ تو انتظامیہ کی طرف سے صرف خیموں اور Caravan کے لئے جگہ مہیا کرنے کا انتظام ہونا چاہئے۔ ان کا یہ فرض بھی ہے کہ اگر ایسے لوگ چاہتے ہوں تو وہ مہیا کریں۔ U.K. میں تو اس کا اب بہت رواج ہو گیا ہے۔ اور کھانا حضرت مسیح موعود کا لنگر تو خاص طور پر ان دنوں میں چلتا ہی رہتا ہے اس کا تو کوئی مسئلہ نہیں وہ تو مہیا ہو ہی جاتا ہے۔ اور انتظامیہ کا فرض بھی ہے کہ ان دنوں میں مہمانوں کا خیال بھی رکھیں۔ یہ حضرت اقدس مسیح موعود کے مہمان بن کر آرہے ہیں۔

تو میں سفر کی بات کر رہا تھا، کہ سفر جو بھی ہو بہرحال سفر ہی ہوتا ہے۔ اس لئے جو بھی انتظام ہو جتنا مرضی بہترین انتظام ہو کچھ نہ کچھ اس میں ایسی باتیں پیدا ہو جاتی ہیں جو بعض دفعہ تکلیف کا باعث بنتی ہیں۔ اس لئے مسافروں کو ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے سفر میں آسانی کے لئے خیر مانگتے رہنا چاہئے تا کہ ہمیشہ یہ سفر آرام سے گزریں جس قسم کے مرضی سفر ہوں۔

ایک روایت میں آتا ہے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی یا رسول اللہ! میں سفر پر روانہ ہونا چاہتا ہوں مجھے زادراہ عطا کیجئے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تجھے تقویٰ کی زادراہ عطا کرے۔ اس نے عرض کی یا رسول اللہ! مجھے کچھ اور بھی دعا دیجئے۔ اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا: اللہ تیرے گناہوں کو بخش دے۔ ابھی بھی اس کی تسلی نہیں ہوئی، اس نے عرض کی: میرے والدین آپ پر قربان جائیں، مجھے کچھ اور دعا بھی دیجئے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم جہاں کہیں بھی ہو اللہ تعالیٰ تمہارے لئے خیر آسان کر دے۔

(ترمذی کتاب الدعوات باب ماجاء مایقول اذا ودع انسانا)

تو دیکھیں اس صحابی نے حضرت اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ سے کتنی جامع دعا منگوائی کہ سفر میں ہمیشہ ایسے حالات رہیں کہ مجھے اللہ تعالیٰ کی خیر اور فضل ملتا رہے۔ اگر یہ ملتا رہا تو مجھے تقویٰ پر چلنے میں بھی آسانی رہے گی، میرے دل میں اس کا خوف اور خشیت بھی قائم رہے گا۔ اور جب یہ قائم ہو جائے تو گناہوں سے بھی انسان بچتا رہتا ہے۔ اس لئے سفر میں خاص طور پر دعا کرنی چاہئے کہ اے اللہ! تقویٰ بھی تیرے فضل سے حاصل ہوتا ہے اس لئے ہمیشہ اپنا فضل فرما۔ ایسے حالات ہی پیدا نہ ہوں کہ مَیں دوسروں پر انحصار کر کے دل میں شکوہ پیدا کرنے والا بنوں اور تقویٰ سے دور ہو جاؤں۔ اس لئے اپنی جناب سے ہی مجھے ہر خیر عنایت فرماتا رہ۔ اس قسم کی دعا حضرت موسیٰؑ نے بھی سفر میں اللہ تعالیٰ سے مانگی تھی کہ (۔) (القصص: 25)۔ اے اللہ میں تو مسافر آدمی ہوں تو ہی مجھے خیر فرماتا رہ میں تو تیرا ہی محتاج ہوں اور محتاج رہنا چاہتا ہوں اور تیرے بغیر میں ایک قدم بھی نہیں اٹھا سکتا۔

(الفضل 25 جنوری 2005ء)

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

محترمہ بیگم طاہرہ قمر احمد صاحبہ سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی تحریر کرتی ہیں کہ میرے بھائی محترم ڈاکٹر شریف احمد ناصر صاحب ابن مکرم چوہدری احمد جان صاحب مرحوم (سابق امیر ضلع راولپنڈی) ڈینٹل سرجن ریٹائرڈ صدر شعبہ فیڈرل سروسز یو پی کلینک ہسپتال اسلام آباد ایک مقامی ہسپتال میں چند دن زیر علاج رہنے کے بعد 19 جولائی 2005ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گئے مرحوم نے 65 سال کی عمر پائی اور حضرت خان صاحب، مولوی فرزند علی صاحب سابق امام بیت فضل لندن کے داماد تھے۔ مرحوم کا جنازہ اسی روز بعد عصر ایوان توحید راولپنڈی میں مکرم ڈاکٹر مسعود الحسن نوری صاحب قائمقام امیر ضلع راولپنڈی نے پڑھایا۔ مقامی قبرستان باغ احمد تدفین عمل میں آئی۔ قبر تیار ہونے پر مکرم شیخ منور شمیم خالد صاحب نائب صدر مجلس انصاراللہ پاکستان نے دعا کرائی۔ ڈینٹسٹری کے اپنے پیشہ کے لحاظ سے مرحوم ڈاکٹر صاحب کا شمار فیڈرل کیپٹل کے ممتاز ماہرین میں ہوتا تھا۔ نہایت سادہ طبیعت، ملنسار، ہمدرد خلائق، منکسر المزاج، اپنوں اور دوسروں میں معروف ومقبول ایک نافع الناس وجود تھے۔ مرحوم نے اپنے پیچھے اہلیہ محترمہ منصورہ شریف صاحبہ کے علاوہ دو بیٹیاں اور ایک بیٹا مکرم ڈاکٹر نعمان احمد ناصر (ڈینٹل سرجن) اپنی یادگار چھوڑے ہیں۔ ایک بیٹی اور بیٹا شادی شدہ ہیں جبکہ چھوٹی بیٹی تعلیم و تدریس سے وابستہ ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے مرحوم بھائی صاحب کی مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں بلند درجات سے نوازے اور تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ہمیشہ اپنی رحمت کے سایہ تلے رکھے۔ آمین

مکرم راشد احمد دھیڑوی صاحب انسپکٹر مال وقف جدید ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میرے خالہ زاد بھائی محترم ارشد احمد چوہان صاحب ولد مکرم اللہ دتہ صاحب ساکن مدرسہ چٹھہ ضلع گوجرانوالہ کو پاؤں میں کانٹا چبھا اور زہر پھیل گیا۔ اسی وجہ سے مورخہ 10/اگست 2005ء کو وفات پا گئے۔ محترم اکبر احمد طاہر صاحب مربی سلسلہ نے جنازہ پڑھایا اور اسی دن مقامی قبرستان میں ان کی تدفین ہوئی وفات کے وقت مرحوم کی عمر صرف 40 سال تھی۔ مرحوم مخلص کم گو اور ملنسار تھے اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔ مرحوم نے اپنے پیچھے بیوہ کے علاوہ تین بیٹے یادگار چھوڑے ہیں احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ان پر اپنے خاص فضل نازل فرمائے اور سب کا حافظ وناصر ہو۔ آمین

مکرم ندیم احمد وسیم صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں خاکسار کی والدہ محترمہ سیدہ امۃ الحی صاحبہ بیوہ مکرم محمد شفیع صاحب گولیکی ضلع گجرات 28۔ اگست کو عائشہ ہسپتال گجرات میں بعارضہ برین ہیمبرج بقضائے الٰہی انتقال کر گئیں آپ کا جنازہ 29/اگست بعد ظہر بیت المبارک ربوہ میں مکرم محمد اسلم شاد صاحب منگلا پرائیویٹ سیکرٹری صاحب نے پڑھایا۔ بعدازاں بہشتی مقبرہ میں تدفین عمل میں آئی اور مکرم ضمیر احمد ندیم صاحب مربی سلسلہ نے دعا کروائی مرحومہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے 1/5 حصہ کی موصیہ تھیں۔ اور قدرت ثانیہ سے ایک زندہ تعلق تھا۔ نہایت صالح بزرگ متقی عاجز دعا گو بزرگ بے نفس اور پاک وجود تھیں۔ مرحومہ کا ایک بیٹا مربی سلسلہ ہے مرحومہ مکرم سید شمشاد احمد ناصر مربی سلسلہ امریکہ کی خالہ اور سید حسن طاہر بخاری مربی سلسلہ قازقستان روس کی پھوپھی تھیں۔ مرحومہ نے اپنے پسماندگان میں ایک بیٹی امۃ القیوم صاحبہ لاہور اور تین بیٹے مکرم رفیع احمد ناز، سلیم احمد صابر اور خاکسار سوگوار چھوڑے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ مرحومہ کو اپنے فضل سے جنت الفردوس میں اپنے پیاروں کے قرب میں اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

درخواست دعا

مکرم محمد انور چیمہ صاحب طاہر ہومیو پیتھک ریسرچ انسٹیٹیوٹ ربوہ لکھتے ہیں کہ خاکسار کے سمدھی مکرم سید مبارک احمد شاہ صاحب معلم وقف جدید فیکٹری ایریا ربوہ کے والد مکرم سید عبدالغنی شاہ صاحب بعمر 95 سال پچھلے 15 دنوں سے شدید بیمار ہیں اور آپریشن کے بعد فیصل آباد ہسپتال میں داخل ہیں دعا کی درخواست ہے اللہ تعالیٰ انہیں کامل شفا عطا فرمائے۔ آمین

مکرم محمد حفیظ صاحب دفتر دارالذکر لاہور گزشتہ دو دن سے بخار کی وجہ سے بیمار ہیں احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے درخواست دعا ہے۔

محترمہ عابدہ صاحبہ نے آنکھوں کا آپریشن کروایا ہے احباب جماعت سے جلد شفایابی کیلئے درخواست دعا ہے۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاءالاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مقبول احمد صدیقی صاحب

بورکینا فاسو کی سرزمین پر وفات پانے والے مربی سلسلہ

میرے بھائی مکرم شکیل احمد صدیقی صاحب کی یادیں

مکرم شکیل احمد صدیقی صاحب 11/اکتوبر 1974ء کو دارالرحمت غربی ربوہ میں پیدا ہوئے۔ان کی پیدائش کے وقت ان کی خالہ محترمہ سعیدہ افضل صاحبہ بھی گھر پر موجود تھیں یہ وہی خاتون تھیں جن کے شوہر محمد افضل کھوکھر صاحب اور بیٹے محمد اشرف کھوکھر صاحب کو شکیل احمد صاحب کی پیدائش سے چار ماہ قبل یکم جون 1974ء کو معاندین احمدیت نے گوجرانوالہ میں ان کے گھر میں داخل ہو کر راہ مولیٰ میں قربان کر دیا تھا۔مکرم شکیل احمد صدیقی صاحب کا نام ان کے دادا حضرت حکیم محمد صدیق آف میانی رفیق حضرت بانی سلسلہ نے رکھا۔

مکرم شکیل احمد صدیقی صاحب اپنے چھ بھائیوں میں سب سے چھوٹے تھے اس لئے سب کے لاڈلے اور پیارے تھے آپ بچپن ہی سے بہت نیک، خوش شکل اور خوش مزاج تھے قطعاً شرارتی یا ضدی نہ تھے۔آپ نے ابتدائی تعلیم گورنمنٹ پرائمری سکول دارالرحمت وسطی ربوہ سے ٹاٹ پر بیٹھ کر حاصل کی۔

1987ء میں ہماری فیملی لاہور شفٹ ہوگئی تو پھر آپ نے میٹرک لاہور سے کیا تعلیمی کیرئیر کے دوران آپ کو تقریر کا خاص ملکہ حاصل ہوگیا آپ اپنے مخصوص اور پر اثر انداز تقریر سے پورے سکول میں مشہور اور اساتذہ کے منظور نظر بن گئے۔

سمن آباد لاہور میں قیام کے دوران آپ اطفال اور خدام کے پروگراموں میں خوب جوش وخروش سے حصہ لیتے اور باقاعدہ جماعتی کام بھی کرتے۔

1990ء کے رمضان المبارک میں ایک بار آپ نے بیت الحمد سمن آباد میں اعتکاف بھی کیا پھر میٹرک کے بعد تربیتی کلاس ربوہ میں شمولیت اختیار کی یہاں تقریری مقابلے میں آپ کی تقریر اس قدر متاثر کن تھی کہ ایک مربی سلسلہ نے آپ کو تجویز دی کہ آپ کو مربی سلسلہ بننا چاہئے اس بات سے آپ خوب متاثر ہوئے اور پھر آپ نے والدین کی رضامندی اور اجازت سے زندگی وقف کر کے مربی سلسلہ بننے کا ارادہ کرلیا۔

چنانچہ 1991ء میں آپ نے جامعہ احمدیہ میں داخلہ لیا اور اپنے وقف زندگی کا آغاز بڑی توجہ اور لگن سے شروع کر دیا۔جامعہ کی تعلیم کے دوران آپ نے وقف کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے کئی بار وقت کی قربانی کی ایک بار میں نے دیکھا کہ گھر اور خاندان کے افراد کسی پروگرام میں اکٹھے ہیں خوب رونق لگی ہے اور سیر کرنے کا پروگرام بھی بن رہا ہے لیکن آپ ہیں کہ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر ربوہ روانہ ہو جاتے ہیں اور قطعاً کسی کلاس سے چھٹی نہیں لیتے پڑھائی کے ساتھ ساتھ جامعہ کے تنظیمی کاموں اور اجلاسات میں بھی بہت مستعدی سے حصہ لیتے۔اساتذہ کا خوب احترام کرتے ان کی خوبیوں کا ہم گھر والوں سے تذکرہ کرتے دعوت الی اللہ کے لئے ربوہ کے گردونواح میں بھی نکلتے آپ اس قدر محنتی اور کام کرنے والے تھے کہ ایک بار کہا کہ میں فجر کے بعد سے 1 بجے دن تک دن کے آدھے کام کر چکا ہوتا ہوں۔

ربوہ میں آپ رشتہ داروں سے ملنے ان کے گھروں میں جاتے ان رشتہ داروں میں پروفیسر عثمان صدیقی صاحب مرحوم سابق مربی سلسلہ اٹلی ومغربی افریقہ اور مکرم محمود احمد صدیقی صاحب سابق کارکن الفضل آپ کے تایا تھے۔مکرم ہومیو ڈاکٹر ناصر احمد صدیقی صاحب سابق مہتمم تحریک جدید مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ آپ کے چچا تھے۔ان سے اور دیگر رشتہ داروں سے سب خوب محبت کا تعلق تھا چچا جان ناصر احمد صدیقی صاحب بتاتے ہیں کہ شکیل کے آنے سے گھر میں رونق لگ جاتی اور اگر کوئی دکھی بھی ہوتا تو شکیل کا چہرہ اور باتیں اسے سکھی کر دیتیں۔

1996ء میں جامعہ احمدیہ سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد آپ نے دو ماہ نظارت اصلاح وارشاد میں کام کیا اس کے بعد آپ کا تقرر دوالمیال ضلع چکوال میں ہوا۔دوالمیال میں آپ نے نہایت محنت، جانفشانی اور بہادری سے خدمات سرانجام دیں دوالمیال کے لوگ بہت ملنسار اور محبت کرنے والے تھے یہ اپنے درمیان اچھے مزاج جیسا مربی پا کر بہت خوش ہوئے چنانچہ کچھ ہی عرصہ میں آپ اطفال، خدام، انصار اور لجنہ سب میں یکساں مقبول ہو گئے بعض خدام تو آپ کے گہرے دوست بن گئے اور ان کے ساتھ یہ دوستی تاعمر قائم رہی۔

دوالمیال کی تاریخ میں 4 جولائی 1997ء جمعۃ المبارک کا دن ایک تاریخی حیثیت رکھتا ہے۔اس دن کا جمعہ دارالذکر کے سامنے بڑی گلی میں پڑھا گیا تھا۔اس تاریخی دن کا تاریخی اور پُر اثر خطبہ جمعہ مکرم شکیل احمد صدیقی صاحب نے ہی دیا تھا مکرم شکیل احمد صاحب کی شادی مورخہ یکم نومبر 1998ء کو محترمہ بشریٰ طیبہ صاحبہ بنت مکرم ناصر احمد صاحب محاسب صدر انجمن احمدیہ کے ساتھ ہوئی اس شادی میں حضرت امام جماعت خامس نے بھی (جو اس وقت ناظر اعلیٰ تھے) شرکت فرمائی تھی۔آپ اپنی اہلیہ سے بہت پیار کرتے تھے انہیں سیر پر لے جاتے اور تحائف دیتے جب میرا نکاح ہوا تو آپ مجھے ایک بار بازار لے گئے اور کہا کہ فلاں فلاں نام کا پرفیوم بہت اچھا ہے وہ خرید لیں اور اپنی بیگم کو دیں محبت کو بڑھانے کے لئے میاں بیوی کے درمیان تحائف کا تبادلہ ہونا چاہئے۔آپ خوشبو کو بہت پسند کرتے تھے آپ کے کپڑوں سے بہت اچھی اور بھینی بھینی سی مہک آتی جو ملنے والے کے ذہن کو معطر کر دیتی۔

دوالمیال ضلع چکوال سے کچھ فاصلے پر اسلام آباد میں رہائش پذیر آپ اپنے بڑے بھائی مکرم مظفر احمد صدیقی صاحب اور بھابھی اور ان کے بچوں سے بھی اکثر ملنے جاتے اسلام آباد اور راولپنڈی میں دیگر رشتہ داروں سے بھی ملنے جاتے ہر جگہ آپ کی آمد سے اس گھر کی خوشیوں میں اضافہ ہو جاتا۔آپ کی مزاح سے بھرپور طبیعت سے ہر کوئی محظوظ ہوتا آپ جماعتی روایات کا بہرحال احترام کرتے ایک بار کہیں انہوں نے جانا تھا میں نے کہا موٹر سائیکل پر میرے پیچھے بیٹھ جاؤ آپ نے کہا کہ میں موٹر سائیکل پر نہیں بیٹھوں گا کیونکہ مربی سلسلہ کو اس کی اجازت نہیں اسی طرح اگرچہ مظفر بھائی آپ سے عمر میں 13-14 سال بڑے تھے واپڈا میں ایک اعلیٰ عہدہ پر فائز تھے تاہم آپ انہیں بھی مناسب انداز سے نیکی کی تلقین کرتے رہتے۔

دوالمیال میں قیام کے دوران آپ نے گھر میں ہی ہومیو پیتھک ڈسپنسری بنا رکھی تھی جہاں سے آپ مریضوں کو مفت ادویہ دیتے۔

آپ بہت محنتی اور چست اور صحت مند انسان تھے تیز تیز قدم اٹھاتے ایک بار امی جان نے کہا شکیل تم بیمار نہیں ہوتے تو انہوں نے کہا امی جان میں بیمار ہوں یا نہیں یہ سوچنے کا وقت بھی مجھے نہیں ملتا۔

دوالمیال ساڑھے تین سال خدمات سرانجام دینے کے بعد آپ کو وکالت تبشیر تحریک جدید ربوہ بلا لیا گیا جنوری 2000ء سے آپ نے وکالت تبشیر کے تحت 8 ماہ تک فرانسیسی زبان سیکھی 15 جنوری 2001ء کی صبح آپ بورکینا فاسو کے لئے لاہور سے روانہ ہوئے چند گھنٹے قبل یعنی 14 جنوری کی رات کو آپ نے خاکسار مقبول احمد صدیقی کی تقریب ولیمہ میں شرکت کی۔ ہر طرف مہمانوں کا رش تھا۔ رونق تھی ایسے موقعہ پر آپ رخصت ہو رہے تھے بھائیوں اور خاندان والوں کو کیا معلوم تھا کہ ان کے پیارے شکیل کی ان کے ساتھ یہ ملاقات درحقیقت آخری ملاقات ہے۔

طویل سفر کے بعد 19 جنوری 2001ء کو آپ بورکینا فاسو پہنچے کچھ عرصہ مرکزی مشن واگاڈوگو میں قیام کے بعد آپ کا تقرر ددگو شہر کر دیا گیا ددگو میں آپ پہلے مربی تھے یہ شہر سہولیات کے لحاظ سے انتہائی پسماندہ تھا اس شہر کے گردونواح میں پختہ سڑکیں نہ ہونے کی وجہ سے سفر انتہائی مشکل تھا، حضرت امام جماعت خامس نے آپ کی وفات کے بعد 4 فروری 2005ء کے خطبہ ثانیہ میں جو آپ کی خوبیاں بیان کی تھیں ان میں ایک یہ خوبی بھی آپ نے بیان فرمائی کہ ''بہت محنتی تھے''۔

محترم محمود ناصر ثاقب صاحب امیر جماعت احمدیہ بورکینا فاسو شکیل صاحب کی ددگو جیسے پسماندہ علاقے میں کی گئی بھرپور محنت اور خدمات کے متعلق اپنے تعزیتی خط میں لکھتے ہیں۔

''جس جانفشانی سے مکرم شکیل صاحب نے اس علاقہ میں خدمت کی توفیق پائی وہ اپنی مثال آپ ہے۔جس جذبہ سے آپ نے خدمت کی وہ بیان سے باہر ہے اگر آپ کی خدمت کا اندازہ لگانا ہو تو دورے سے واپسی پر آپ کی حالت سے بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا تھا ہفتہ ہفتہ کا دورہ عجیب منظر پیش کرتا تھا گرد وغبار میں لت پت، پسینے سے شرابور غیر بھی آپ کو اس حالت میں دیکھتے تو رشک کرتے''۔

آپ بہت محنتی تھے اس کا خاص اندازہ اور نظارہ کسی اجتماع یا جلسہ پر بھی لگایا جا سکتا تھا چنانچہ حضرت صاحب اپنے 4 فروری 2005ء کے خطبہ میں یہ بھی فرماتے ہیں کہ

''یہ (یعنی مربیان بورکینا فاسو۔ناقل) لکھتے ہیں کہ جب بھی اجتماع وغیرہ یا جلسہ وغیرہ ہوتا تو شکیل صاحب اپنے کاموں میں اتنا مصروف ہوتے کہ نہانے دھونے کھانے وغیرہ کی کوئی پرواہ نہ ہوتی تھی'' پھر اس بارے میں حضرت صاحب نے اپنا مشاہدہ بھی بیان فرمایا ہے۔

''اور جب میں دورے پر گیا ہوں میں نے دیکھا ہے کہ یہ مستقل خدمت پہ تھے''۔

ددگو میں کچھ عرصہ مربی سلسلہ خدمات سرانجام دینے کے بعد آپ کو بورکینا فاسو کے دوسرے بڑے شہر بوبوجلاسو میں تعینات کر دیا گیا۔ یہاں پہلے ہی سے ایک اور مربی بشارت احمد نوید صاحب متعین تھے انہوں نے شکیل صاحب کے ساتھ اپنی یادوں کو تازہ کرتے ہوئے بتایا کہ بوبوجلاسو میں ایک میں تھا اور ایک واقف زندگی ڈاکٹر ذوالفقار صاحب تھے پھر جب شکیل صاحب آئے تو ہماری موج لگ گئی ہم تینوں ہفتے میں ایک بار اکٹھے چائے پیتے ہر ڈیڑھ ماہ بعد سیر کے لئے نکلتے خریداری اکٹھے کرتے الغرض بہت سی حسین یادیں تھیں جواب بیت گئیں۔

حضرت صاحب نے 4فروری کے خطبہ میں شکیل صاحب کی یہ خوبی بھی بیان فرمائی تھی ’’بے نفس آدمی تھے‘‘۔ چنانچہ مربی بشارت صاحب نے بھی بتایا کہ شکیل نہایت بے نفس انسان تھا ان میں کوئی پُھوپھاں نہ تھی بے حد رونقی اور مذاق کرنے والا مربیان کی میٹنگ میں آتا تو سب کی رونق لگ جاتی۔

آپ کو دعوت الی اللہ کا بے حد شوق تھا دعوت الی اللہ کے لئے آپ دور دراز علاقوں میں نکلتے جنگلات میں مقامی لوگوں کے ساتھ ان کے پاس رات کو قیام کرتے اور زمین پر سوتے تھے۔ حضرت امام جماعت خامس مورخہ 4فروری 2005ء کے خطبہ جمعہ میں آپ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

’’بڑی غیرت رکھنے والے تھے، اللہ کے نام کی غیرت رکھنے والے تھے.........امیر صاحب نے ایک بات لکھی ہے اور یقیناً صحیح ہوگی لوگوں کا یہ خیال ہے کہ وہ ہروقت ہنسنے والا شخص تھا لیکن کہتے ہیں میں نے ان کو روتے بھی دیکھا کہ جب یہ ذکر ہوتا تھا کہ بیعتوں کا ٹارگٹ پورا کرنا ہے، بیعتیں نہیں ہوئیں یا وہ ٹارگٹ حاصل نہیں ہوا جتنا ان کا خیال تھا کہ ہونا چاہئے اور مجھے رپورٹ بھجوانی ہے۔ اس وقت وہ رویا کرتے تھے کہ کس طرح اپنی ایسی رپورٹ بھجواؤں اور دعا کے لئے درخواست کیا کرتے تھے.........اور اس وقت بھی بیماری سے چند گھنٹے پہلے، آخری رات، وہ کہتے ہیں کہ سارے مربیان، بیٹھے ہوئے تھے (دعوت الی اللہ) کرنے کا کوئی پروگرام بن رہا تھا تو اس میں بھی پوری طرح بڑھ بڑھ کے حصہ لے رہے تھے تجاویز پیش کر رہے تھے۔

بورکینا فاسو قیام کے دوران ہی آپ کو دوبار جلسہ سالانہ لندن میں شمولیت کی توفیق ملی امامت رابعہ کے آخری جلسہ سالانہ 2002ء میں آپ نے حضرت امام جماعت رابع سے ملاقات کی اور امامت خامسہ کے پہلے سال 2003ء کے جلسہ سالانہ میں شمولیت اور حضرت امام جماعت خامس سے ملاقات کا شرف حاصل کیا لندن میں آپ کے دو بھائی مکرم مبشر احمد صدیقی صاحب اور مکرم مبارک احمد صدیقی صاحب رہتے ہیں مبارک بھائی کا گھر چونکہ بیت الفضل لندن سے بہت قریب تھا لہٰذا آپ زیادہ تر مبارک بھائی کے گھر پر ہی قیام رکھتے اور اکثر دن چڑھتے ہی بیت الفضل لندن چلے جاتے تاکہ کوئی نہ کوئی جماعتی کام کرسکیں گویا چھٹیاں بھی آپ کچھ نہ کچھ خدمت دین کرتے ہوئے گزارتے تاہم جہاں جماعت نے آپ کو تعینات کیا تھا اس طرف آپ کی توجہ خاص طور پر رہتی۔ مبارک بھائی نے بتایا کہ ایک بار جب آپ لندن سے واپس بورکینا فاسو جانے لگے تو میں نے شکیل کو کہا کہ تم چند دن مزید چھٹیاں لے کر لندن ٹھہر جاؤ تو آپ نے کہا بھائی جان میں مربی سلسلہ ہوں ہمارا وقت بہت قیمتی ہوتا ہے جماعت نے ہم پر بہت پیسہ خرچ کیا ہوتا ہے اور ہمیں جماعت کی توقعات پر پورا اترنا ہوتا ہے چنانچہ آپ نے کوئی مزید چھٹی نہ لی۔

حضرت صاحب نے اپنے خطبہ میں آپ کی ایک یہ خوبی بھی بیان کی تھی ’’ہروقت مسکراتے رہتے تھے‘‘

چنانچہ اسی عادت اور مزاح سے بھرپور طبیعت کی بدولت ہر جگہ آپ کی آمد سے رشتہ دار خوشی محسوس کرتے اسی طرح بھائیوں، بھابیوں اور ان کے بچوں سے خوب محبت کا تعلق تھا بچوں سے آپ کھیلتے اور ان سے طرح طرح کے لاڈ پیار اور مذاق کرکے انہیں خوش کرتے۔

ہنستے رہنے اور ہنساتے رہنے والے شکیل پر ایک بہت کٹھن مرحلہ اس وقت آیا جب حضرت امام جماعت خامس نے اپنے دورہ افریقہ 2004ء کے دوران برکینا فاسو میں آپ کے شہر بوبوجلاسو میں آپ کے گھر کھانے پر آنا تھا حضور کی آمد کی خبر سے یہ گھرانہ بہت خوشی محسوس کر رہا تھا کہ اچانک آپ کی اہلیہ جوان دنوں امید سے تھیں شدید بیمار ہوگئیں۔ اگلے روز حضور کی آپ کے ہاں آمد تھی۔

حضور کی آمد کا خیال پھر بیگم کی شدید بیماری خیال اور پھر اپنی ننھی 3 سالہ بیٹی غزالہ شکیل کو سنبھالنے کا خیال ایسے حالات میں آپ کو ایک اور دکھ اور آزمائش سے دوچار ہونا پڑا ایک اور قربانی خداتعالیٰ نے شکیل صدیقی سے لی ڈاکٹرز نے کہا کہ ماں اور بچہ میں کسی ایک کو ہی بچایا جا سکتا ہے حضور کو فون پر درخواست دعا کے لئے کہا گیا۔ حضور نے فرمایا کہ ماں کو بچائیں چنانچہ عین اس دن یعنی یکم اپریل 2004ء کو حضور کی آمد سے چند گھنٹے پہلے آپ کو یہ دکھ بھری خبر ملی کہ آپ کا بیٹا فوت ہوگیا ہے۔ آپ نے اپنے بیٹے کو دفنایا اور استقبالیہ انتظامات میں مصروف ہوگئے حضرت صاحب نے شکیل صاحب کی اس قربانی کا یوں ذکر فرمایا ہے کہ

’’جب میں دورے پر گیا ہوں میں نے دیکھا ہے کہ یہ مستقل خدمت پہ تھے باقی بھی تھے لیکن ان کی اہلیہ ان دنوں میں بہت بیمار ہوگئیں اور ہسپتال میں داخل تھیں اس کے باوجود جوان کے ذمے کام تھے وہ پوری طرح کرتے رہے ہسپتال بھی دوڑ کے جاتے تھے پھر آ کے کام کرتے تھے اور پھر دوسروں کو یہ احساس نہیں دلواتے تھے کہ مجھے مجبوریاں ہیں اور پھر بھی میرے سے کام کروایا جا رہا ہے بلکہ خوشی سے یہ کام کر رہے تھے باوجود یہ کہنے کے کہ آپ زیادہ اہلیہ کی فکر کریں کھانے پینے کی ان کو کوئی فکر نہ ہوتی تھی۔

ہر وقت ہنستے مسکراتے رہتے شکیل کو اپنے آقا (امام وقت) سے بے حد پیار تھا آپ کی شدید خواہش رہتی کہ زیادہ سے زیادہ وقت اپنے آقا کے ساتھ گزاروں جب 3/اپریل 2004ء کو حضور نے بوبوجلاسو سے روانہ ہو کر دارالحکومت واگاڈوگو جانا تھا تو شکیل کی شدید خواہش تھی کہ میں اپنے پیارے آقا کے ساتھ دارالحکومت تک سفر کروں اور پھر ائیرپورٹ سے حضور کو رخصت بھی کروں لیکن اس موقعہ پر سیدی مشفقی حضور نے فرمایا کہ تم نے میرے ساتھ نہیں جانا تم بیگم کے پاس رہو۔

حضور انور نے آپ کے متعلق یہ بھی فرمایا تھا کہ ’’بنی نوع انسان کی خدمت کرنے والے تھے‘‘

اس ضمن میں ان کی بیگم محترمہ شکیل صاحبہ نے بتایا کہ آپ جب تک بورکینا فاسو رہے ہر سال باقاعدگی سے آپ اپنے جسم کی زکوٰۃ یعنی خون کا عطیہ دیتے رہے۔

اس کے علاوہ آپ ہومیوپیتھی کے ذریعے بھی خدمت خلق جاری رکھتے آپ کی میت کے ساتھ جو آپ کے گھر کا سامان آیا تو اس میں خاکسار نے بے شمار ایسی فائلیں بھی دیکھیں کہ جن میں مختلف امراض کے حوالے سے مختلف فائلیں ترتیب دی گئی تھیں اور ہر فائل پر حضرت امام جماعت رابع کے نسخہ جات لکھے ہوئے تھے۔ افریقہ کے غریب لوگوں اور غربت سے آپ کا دل خوب دکھی ہوجاتا آپ حتی المقدور ان کے دکھ سکھ کا خیال رکھتے بوبوجلاسو میں ایک چھوٹی عمر کی بیوہ لڑکی گھر کے کام کاج کے لئے آپ کے ہاں ملازمہ تھی بشریٰ شکیل صاحبہ کہتی ہیں کہ آپ مجھے کہتے کہ پہلے اسے کھانا کھلاؤ پھر ہم کھانا کھائیں گے اسی طرح ایک بار جب آپ نے اپنے گھر کے باہر ٹیوب لگوائی جو رات کو روشن ہوتی تھی آپ نے اپنی بیگم سے کہا کہ بچوں کو کہو کہ اس روشنی میں کھیلو اور پڑھنے والے بچے پڑھ لیں کیونکہ ان غریب علاقوں میں رات کو نہ روشنی نہ بجلی ہوتی تھی اسی طرح جب آپ کی بیگم روٹیاں پکانے لگتیں تو آپ انہیں کہتے کہ چند مزید روٹیاں پکالو تاکہ ان میں جو بچے بھوکے ہوں انہیں روٹی میسر آ جائے اور پھر کہتے کہ یہ کام اپنی بیٹی غزالہ سے کرواؤ تاکہ اس کے دل میں بھی ہمدردی کی نیک عادت پڑے اسی طرح بچوں کو ٹافیاں اور چھوٹے موٹے تحائف بھی بھجواتے۔ ددگو میں پانی کی شدید ضرورت ہوتی تھی کیونکہ ان علاقوں میں کہیں کہیں سے بھی اور بعض اوقات بہت دور سے پانی ملتا ایک بار آپ نے اپنے بڑے بھائی مکرم مبشر احمد صدیقی صاحب آف لندن سے اس خواہش کا اظہار کیا کہ ایک بیت الحمد ددگو میں تعمیر کی جائے اور وہاں نلکا بھی لگوایا جائے تاکہ لوگوں کو پانی بھی میسر آئے آپ کی اس خواہش کو اب مبشر بھائی پورا کر رہے ہیں ددگو میں جہاں آپ پہلے مربی تھے بیت الحمد کی تعمیر مکمل ہوچکی ہے۔

شکیل صاحب کے بارے میں حضرت صاحب نے اپنے تعزیتی خط میں لکھا تھا ’’اس کا تو لمحہ لمحہ خداتعالیٰ کی رضا کے لئے وقف تھا‘‘۔ اس بارے میں بشریٰ شکیل صاحبہ بیان کرتی ہیں کہ آپ اللہ تعالیٰ کی راہ میں بے دریغ خرچ کیا کرتے تھے، شکیل صاحب کی یہ بھی خواہش تھی کہ جب ان کے پاس مناسب رقم کا انتظام ہو جائے تو ایک بار حج کی سعادت بھی حاصل کریں۔

مکرم شکیل احمد صدیقی صاحب نے اپنی وفات سے چند دن قبل عیدالاضحیہ پر ایک بکرے کی قربانی بھی کی تھی عید کے بعد آپ کو بخار ہوگیا جب بخار کو کم کرنے کے لئے آپ کو ڈرپس لگوائے گئے تو بخار کم ہونے کی بجائے برابر ہی رہا اور پھر بڑھ گیا پھر پیلاہٹ طاری ہوگئی آپ کو یرقان تھا ڈاکٹر زملیریا سمجھ کر کونین دیتے رہے کونین کی کثرت سے آپ کا جگر انتہائی متاثر ہوا۔ کہتے ہیں کہ کونین کی گرمی کو مارنے کے لئے دودھ کا استعمال کرنا چاہئے مگر وہاں بکریوں یا گائے کا دودھ بھی نہ ملتا تھا ڈاکٹرز نے آپ کو گنے اور گاجروں کے جوس کا مشورہ دیا مگر افسوس یہ بھی میسر نہ تھیں البتہ گاجریں نہایت کم رس و پھیکی ہی مل سکیں۔

آپ کا مرض بڑھتا ہی گیا دوسروں کو اپنی مجبوریاں نہ بتانے والے شکیل نے جب یہ دیکھا کہ اب تو بیماری واقعی قابل فکر ہوگئی ہے تو اپنی وفات سے محض دو دن قبل یعنی 30جنوری 2005ء کو اپنے بھائی نعیم احمد صدیقی کو لاہور پاکستان میں اطلاع دی کہ میں بہت بیمار ہوں۔

آپ نے اپنی زندگی میں جو آخری خط لکھا تھا وہ خط آپ کی وفات کی اطلاع سے ایک گھنٹہ قبل ہمیں لاہور میں موصول ہوا۔

آپ کی وفات کی فوری اطلاع حضور انور کو دی گئی حضرت صاحب نے از راہ شفقت بشریٰ شکیل صاحبہ کو فون کیا جنہیں ابھی تک اپنے شوہر کی وفات کی اطلاع نہ دی گئی تھی حضرت صاحب نے ہی انہیں وفات کی اطلاع دی اور صبر کی تلقین کی۔ حضور انور نے اپنے ہاتھ سے انہیں تعزیت کا خط بھی لکھا اس کے علاوہ شکیل صاحب کے سسر ناصر احمد صاحب محاسب صدر انجمن احمدیہ اور بھائی مبارک احمد صدیقی آف لندن کے علاوہ ابو جان مکرم بشیر احمد صدیقی صاحب کے نام بھی تعزیتی خطوط لکھے ابو جان کے نام لکھے گئے خط میں حضور انور نے لکھا۔

’’یہ بڑا اعزاز پانے والا بچہ تھا جو مجاہد بھی تھا غازی بھی تھا اور......بھی ہے وہ یقیناً ان لوگوں میں سے تھا جو جان کی بازی لگا دیتے ہیں لیکن قول کو پورا کر کے چھوڑتے تھے وہ یقیناً ان لوگوں میں سے تھا جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ ان کو مردہ نہ کہو وہ زندہ ہیں...........اس کا تو لمحہ لمحہ اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے اور اس کے دین کی اشاعت کے لئے وقف تھا۔‘‘

مورخہ 2فروری 2005ء کو بیت المہدی واگاڈوگو میں مکرم محمود ناصر ثاقب صاحب امیر و مشنری انچارج بورکینا فاسو نے بعد نماز ظہر مرحوم کی نماز جنازہ پڑھائی۔ آپ کی میت برکینا فاسو سے By Road پہلے اکرا ائیرپورٹ غانا پھر بذریعہ جہاز دوبئی اور پھر پاکستان لائی گئی اور اس طرح 5یوم بعد مورخہ 6 فروری 2005ء کو ساڑھے دو بجے دوپہر میت دارالضیافت ربوہ پہنچی۔ شکیل صاحب کی میت جس تابوت میں لائی گئی وہ ایک غیر معمولی تابوت تھا اور اس کے اوپر ایک بڑا نمایاں سلور رنگ کا چاند ستارہ لگا ہوا تھا۔

پیارا شکیل مورخہ 16جنوری 2001ء کو لاہور

سے برکینا فاسو کے لئے روانہ ہوا تھا 4 سال بعد مارچ 2005ء میں انہوں نے پاکستان آنا تھا لیکن قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا کہ مارچ سے پہلے ہی 6 فروری 2005ء کو پیارا شکیل ایک ایسے بند بکس (تابوت) میں لایا گیا جہاں سے ہم نہ اپنے پیارے کو چھو سکتے تھے نہ پیار کر سکتے تھے اس طرح امی جان کی دو سالہ ایک اور خواب پوری ہوئی انہوں نے خواب میں دیکھا کہ باہر سے شکیل کے کپڑے تو آئے ہیں مگر وہ نہیں آیا اور آپ کپڑوں پر ہاتھ پھیر کر کہتی ہیں پھول تم پر فرشتے نچھاور کریں۔

آپ کی میت جب دارالضیافت پہنچی تو دوالمیال سے خدام، انصار اور لجنات کا دو ویگنوں پر مشتمل ایک قافلہ پہلے ہی سے موجود تھا اسی طرح دیگر رشتہ دار بھی موجود تھے دل عجیب سی کیفیت سے دوچار تھا کیونکہ آج سے چند سال قبل 1998ء میں شکیل احمد کی بارات بھی ربوہ میں پہلے دارالضیافت ہی گئی تھی حیرانی کی بات یہ بھی تھی کہ دوالمیال جماعت کے افراد بھی اسی بڑے کمرے میں ٹھہرے تھے جہاں شکیل صاحب کے باراتی کچھ وقت کے لئے ٹھہرے تھے لیکن آج عجیب سماں تھا باراتی وہی تھے دارالضیافت کی جگہیں بھی وہی تھیں مگر آج یہی دولہا ہمیشہ کی چپ سادھے سفید کپڑوں میں ملبوس بند بکس میں میٹھی نیند سو رہا تھا آج کوئی باراتی اسے گلے نہ لگا سکتا تھا آپ کی پیاری ننھی سی 3 سالہ بیٹی جو گویا آپ کی جان تھی غموں دکھوں سے بے نیاز دارالضیافت کے لان میں بچوں سے کھیل رہی تھی۔

ربوہ میں شکیل صاحب کی نماز جنازہ مورخہ 6 فروری 2005ء کے روز بعد نماز مغرب و عشاء بیت المبارک میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے پڑھائی بہشتی مقبرہ میں قبر تیار ہونے پر صاحبزادہ صاحب موصوف نے ہی دعا کروائی۔

ایگزیما

سورائینم۔گریفائٹس

”سورائینم کی جلدی امراض گریفائٹس سے بھی مشابہ ہیں۔ دونوں کے ایگزیما میں زخموں پر کھرنڈ آجاتے ہیں۔جن کی نچلی تہوں سے بدبودار پیپ نکلتی ہے اور زخم ازسر نو تازہ ہو جاتے ہیں۔ سورائینم میں زخموں کی بدبو گریفائٹس اور دیگر دواؤں کے مقابل پر بہت نمایاں ہوتی ہے۔ یہ بو ناقابل برداشت ہوتی ہے۔ زخموں میں سخت خارش ہوتی ہے اور کھجلانے پر خون بہنے لگتا ہے۔ جلد میلی اور خشک سی ہوتی ہے۔ تمام جسم پر کھرنڈ والے ابھار بن جاتے ہیں اور زخم جلد مندمل نہیں ہوتے۔“ (صفحہ:682)

بچوں کی ذہنی نشوونما اور شخصیت میں والدین کا کردار سب سے زیادہ اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔

بچوں کی ذہنی نشوونما میں والدین کا کردار

ابتدائی چند سالوں میں اگر بچے کو مناسب پیار اور توجہ نہ ملے اور اس کی بنیادی ضروریات پوری نہ ہو سکیں تو اس کی شخصیت میں ایک خلا (Gap) پیدا ہو جاتا ہے۔ جس سے اس کے ننھے سے ذہن میں یہ بات جنم لینا شروع ہو جاتی ہے کہ اس کی زندگی میں اس کی ضرورتیں کبھی پوری نہیں ہو سکتیں جس کے ساتھ ساتھ وہ ایک غیر یقینی کی سی کیفیت کا بھی شکار ہو جاتا ہے۔ یہ بات تو تحقیقات سے بھی طے شدہ ہے کہ جن بچوں کو ابتدائی سالوں میں والدین خاص طور پر ماں کا پیار نہیں ملتا وہ بچہ تمام زندگی خود کو غیر محفوظ سمجھتا ہے اور اس کی شخصیت کا یہ خلا آسانی سے ختم نہیں ہو سکتا بلکہ اس کو پر کرنے کے لیے غیر معمولی پیار اور توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر کسی بچے کے ماں باپ نہیں ہیں تو یہ کام اس کے سرپرست کا ہوتا ہے کہ وہ اسے نفسیاتی لحاظ سے مضبوط اور پُر اعتماد بنانے کے لیے کبھی یہ احساس نہ ہونے دے کہ اس کے ماں یا باپ نہیں ہیں۔

عام طور پر دیکھنے میں آتا ہے کہ کچھ لوگ اپنی بے انتہا مصروفیات کی بنا پر بچوں کو مناسب وقت نہیں دے پاتے یا کچھ لوگوں کو ٹھیک طریق سے اظہار نہیں کرنا آتا یا اچھا نہیں لگتا۔ بعض والدین کا یہ خیال ہوتا ہے کہ بچوں کی اچھی تربیت کے لیے سختی بہت ضروری ہے اور ہمیشہ ان سے غصے سے پیش آتے ہیں یا یہ ہوتا ہے کہ جب بچہ بڑا ہو جائے گا تو اس سے پیار کریں گے۔ کچھ لوگ گھریلو لڑائی جھگڑوں یا دوسرے نجی معاملات میں اتنے الجھے ہوتے ہیں کہ انہیں اپنے بچوں سے مکمل پیار کرنے کا وقت نہیں ملتا یا ماں باپ دونوں ملازمت پیشہ ہوتے ہیں اور بچے نوکروں کے حوالے کر جاتے ہیں اور واپس آنے پر بھی اپنی دن بھر کی تھکاوٹ کے پیش نظر اور دوسرے کاموں کی وجہ سے بچوں کو وقت نہیں دے پاتے۔

ان سب باتوں کے نتائج شروع میں تو آسانی سے نظر نہیں آتے کہ ان کے اس سلوک کا بچوں پر کیا اثر ہو رہا ہے یا مستقبل میں کیا ہو سکتا ہے مگر جوں جوں وہ بڑے ہوتے ہیں تو اپنی شخصیت میں پیدا شدہ اس خلا کو پورا کرنے کے لیے وہ مختلف طریقے اپنانا شروع کر دیتے ہیں۔ جیسے کچھ نوجوان گھر سے باہر رہنے کے لیے بری محفلوں میں بیٹھنا شروع کر دیتے ہیں کیونکہ ان سرگرمیوں میں مصروف ہو کر وہ اپنے اس خلا کو بھلانے کی کوشش کر رہے ہوتے ہیں۔ کچھ نوجوانوں کی گھر سے باہر کسی کے ساتھ جذباتی وابستگی ہو جاتی ہے اور والدین اسے چھوڑنے کے لیے کتنا بھی اصرار کریں تو وہ نوجوان والدین کو تو چھوڑ سکتا ہے مگر اس انسان کو کبھی نہیں چھوڑ سکتا کیونکہ اس انسان کے توسط اسے وہ پیار اور توجہ مل رہی ہوتی ہے جس کی کمی وہ بچپن سے محسوس کر رہا تھا۔ کچھ نوجوان ڈپریشن جیسی ذہنی بیماریوں میں مبتلا ہو کر یہ سوچنا شروع کر دیتے ہیں کہ ان کی زندگی بے معنی ہے۔ کوئی ان سے پیار نہیں کرتا اور ہر بات میں منفی پہلو دیکھنا شروع کر دیتے ہیں کہ بعض اوقات تو نوبت خودکشی تک پہنچ جاتی ہے۔

یوں جب معاملہ حد سے بڑھ جاتا ہے تو اسے کسی سائیکالوجسٹ یا سائیکاٹرسٹ کے پاس لایا جاتا ہے بلکہ بعض لوگ تو اس کی بھی ضرورت محسوس نہیں کرتے اور اپنے بچے کو مسلسل قصوروار ٹھہراتے رہتے ہیں کہ یہ تو اس کی غلطی ہے جو وہ یوں لڑائی جھگڑا کرتا ہے یا بدتمیزی کرتا ہے۔ بری محفلوں میں بیٹھتا ہے یا ناشکری کرتا ہے کہ اس کے پاس کچھ نہیں ہے یا گھر سے بھاگ جاتا ہے وغیرہ وغیرہ مگر درحقیقت معاملہ اس کے برعکس ہوتا ہے۔ اصل میں تو یہ والدین کا فرض ہوتا ہے کہ وہ اپنے بچے کو مناسب توجہ اور پیار دیں اور اپنے بچے کی عادت کو سمجھیں کہ آیا جتنا پیار اسے مل رہا ہے وہ اس سے مطمئن ہے یا نہیں۔ کیونکہ بعض بچے اپنا زیادہ وقت کھیل کود میں گزارنا چاہتے ہیں مگر بعض بچے والدین کی توجہ کا مرکز بنا رہنا چاہتے ہیں اور مختلف طریقوں سے وہ توجہ لے رہے ہوتے ہیں لہٰذا بچے کی عادت کا مطالعہ کرنا بہت ضروری ہوتا ہے کہ بچہ ایسا کیوں کر رہا ہے؟

اس مرحلے پر میں آپ کی توجہ ایک اور جانب مرکوز کروانا چاہوں گی کہ اگر بچوں کو ضرورت سے زیادہ لاڈ پیار دیا جائے کہ ان کی ہر جائز ناجائز خواہش پوری کی جائے یا ان کی حد سے زیادہ پہرہ داری کی جائے کہ یہ کھاؤ، یہ کرلو، وہاں نہ جاؤ وغیرہ وغیرہ جیسے بہت سے والدین ہر وقت بچوں کے پیچھے پیچھے بھاگ رہے ہوتے ہیں تو یاد رکھیں کہ یہ طریقہ کار بھی نامناسب ہے اس طریقے سے بھی آپ کا بچہ دوسرے نارمل بچوں کی طرح کام نہیں کرے گا۔ اس میں خود اعتمادی نہیں آئے گی یا وہ ہمیشہ یہی چاہے گا کہ اس دنیا کی ہر چیز اسی کے لیے بنی ہے اور اسے ملنی چاہئے وہ اچھے اور برے میں تمیز نہیں کر سکے گا۔ کبھی کبھار ایسا بھی ہوتا ہے کہ اگر بچہ ابتدائی سالوں میں بہت بیمار رہتا ہے اور اس دوران یا تو وہ مکمل طور پر والدین کی توجہ کا مرکز بنا رہتا ہے یا نظر انداز رہتا ہے جس وجہ سے بھی بچے کی شخصیت میں اس قسم کا خلا پیدا ہو سکتا ہے۔ لہٰذا یہ کہنا مناسب ہوگا کہ یہ دورانیہ بچوں کی تربیت کی لیے بھی بہت حساس ہوتا ہے۔ کیونکہ اس عمر میں خاص طور پر 3,2 سال کے عرصہ میں بچہ ہر کام اپنی مرضی سے کرنا چاہتا ہے اور ہر وہ کام جس سے اسے زیادہ منع کیا جائے اس کے بارے میں اسے تجسس سا بھی ہو جاتا ہے کہ آخر اس میں کیا ہے وہ یہ کام کیوں نہیں کر سکتا لہٰذا کبھی تو بچہ وہ کام چوری چھپے کرے گا اور کبھی سامنے کرے گا کہ دیکھوں اس کے کیا نتائج نکلتے ہیں۔ لہٰذا اس حساس وقت میں بجائے اس کے کہ والدین بچوں پر سختی کریں یا ماریں بہترین حل یہ ہے کہ آپ اسے تفصیل سے سمجھائیں اور اس کے ننھے سے ذہن میں جتنے سوال ہیں وہ سنیں اور ان کا جواب دیں۔ بلکہ اس کی بڑھتی ہوئی عمر کے ساتھ ساتھ اگر والدین بچوں پر سختی کرنے کی بجائے ان کی بہترین تربیت کی غرض سے ہر وہ کام جو وہ بچوں سے امید کر رہے ہوں یا سکھانا چاہ رہے ہوں وہ بچے کو خود کر کے دکھائیں کیونکہ ماں باپ بچے کے لیے ماڈل کا کردار ادا کر رہے ہوتے ہیں اور بچہ اپنے ماڈل کی نقل کر کے خوشی محسوس کرتا ہے۔ بلکہ ماڈل وہ انسان بھی ہوتا ہے جو بچے کے سامنے زیادہ وقت رہتا ہے اور اس کے بہت قریب ہوتا ہے۔ عام طور پر لڑکیوں کے لیے ماڈل کا کردار ماں ادا کرتی ہے اور لڑکوں کے لیے باپ ماڈل ہوتا ہے۔ اس طریقے سے جو سوچ بچے کے ذہن میں پیدا ہوگی اسے منعکسی سوچ (Reflected Thought) کہا جاتا ہے۔ چونکہ بچہ خود سیکھتا ہے اور اپنی مرضی سے سیکھتا ہے لہٰذا وہ زیادہ خوش اسلوبی سے کام کرتا ہے جو بعد میں اس کی شخصیت کا حصہ بن جاتا ہے لہٰذا کوشش کریں کہ اپنے بچوں کی دیکھ بھال خود کریں اور ان کے رویوں کا مشاہدہ کریں نہ کہ انہیں نوکروں وغیرہ کے سپرد کر کے انہیں غلط غلط عادات اختیار کرنے کا موقع دیں بلکہ اگر گھر کا ماحول خوشگوار ہے اور اس میں بچے کی دیکھ بھال کے لیے دادا، دادی وغیرہ بھی ہیں تو یہ بچے کے لیے زیادہ فائدہ مند ہے۔ لہٰذا اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ کامیاب انسان بنے تو ان باتوں کا بھی خاص دھیان رکھیں کیونکہ یہ صرف اور صرف ماں باپ کی ذمہ داری ہے اور ان پر انحصار ہے کہ بچہ بڑا ہو کر کیسا انسان بنے گا۔

براعظم جنوبی امریکہ

☆ رقبہ 6,878,200 مربع میل

☆ 17,814,400 مربع کلومیٹر

☆ براعظم جنوبی امریکہ دنیا کا چوتھا بڑا براعظم ہے جو دنیا کی کل خشکی کا 11.9% گھیرے ہوئے ہے۔

☆ براعظم جنوبی امریکہ کی آبادی وسط جون 2000ء تک 341,626,000 افراد تھی۔ جبکہ آبادی کی گنجانی 19.1 افراد فی مربع کلومیٹر (49.5 افراد فی مربع میل) تھی۔

☆ براعظم جنوبی امریکہ کی 2020ء میں متوقع آبادی 437,964,000 افراد ہے۔ جبکہ براعظم کی موجودہ شرح خواندگی 88.4 فیصد (مرد) اور 87.0 فیصد (عورتیں) ہے۔

ماخوذ

ملیٹھی۔ مفید اور مضر اثرات

جاڑے کے موسم میں پان والوں کی دکان پر لونگ، الائچی، پیپرمنٹ، چونا زیادہ، تمباکو ڈبل کے مقابلے میں "ملیٹھی کا پان" کی آوازیں زیادہ سننے میں آتی ہیں۔ خشک اور سرد ہواؤں کی وجہ سے گلے میں خراش اور پھر کھانسی کا ایک مؤثر علاج یہ بھی ہے کہ پان میں ملیٹھی کا سفوف ڈال کر استعمال کیا جائے۔ یہ ایک آزمودہ روایتی علاج ہے۔ ملیٹھی اور اس کا ست، "رب السوس" مختلف تکالیف کے لیے بکثرت استعمال ہوتا ہے۔

ملیٹھی عربی میں اصل السوس، فارسی میں بیخ مہک، سندھی میں مٹھی کاٹھی (مٹھی لکڑی) اور انگریزی میں لکورس (Licorice) کہلاتی ہے۔ یہ ایک پودے کی جڑ ہوتی ہے جو زمین میں کافی گہری چلی جاتی ہے۔ ان جڑوں کو برسات کے اختتام پر نکالا جاتا ہے۔ دنیا کے مختلف ملکوں کے علاوہ پاکستان، فیصل آباد میں بھی اس کی کاشت ہونے لگی ہے۔ چین، روس اور بحیرہ روم کے ملکوں میں اس کی کاشت بڑے طویل عرصے سے ہورہی ہے۔ اس کا ست سپین میں تیار کیا جاتا ہے جسے بہترین سمجھا جاتا ہے۔

طب مشرقی میں اس کا استعمال کرنے سے پہلے چھیلنے کی ہدایت کی جاتی ہے کیونکہ اطباء کے مطابق سانپ اس پر اپنا پھن رگڑتا ہے۔ اسے چھیل کر استعمال کرنے سے گویا اوپری چھال دور ہوجاتی ہے اور یوں ملیٹھی کے زہر آلود ہونے کا خطرہ نہیں رہتا۔

ملیٹھی ذائقے میں میٹھی ہوتی ہے۔ اس کی یہ مٹھاس گلیسیرہیزین (Glycyrrhizin) نامی جوہر کی وجہ سے ہوتی ہے۔ جڑ میں یہ شیریں جز 6 سے 8 فیصد تک ہوتا ہے اور الگ کرنے پر سفید چمکدار سفوف کی صورت میں برآمد ہوتا ہے۔ اس سفوف میں کیلشیم اور گلیسرہیزک ایسڈ، پوٹاشیم، نمک موجود ہوتا ہے۔ ملیٹھی میں شکر، نشاستہ (29 فیصد)، گوند، پروٹین، چکنائی کے علاوہ نین بھی ہوتا ہے جو زیادہ تر جڑ کی چھال میں ہوتا ہے۔ اس میں فراری تیل (Volatile Oil) کے علاوہ زرد رنگین مادہ بھی ہوتا ہے۔

ملیٹھی کے مفید اثرات

تاثیر اور اثر کے لحاظ سے ملیٹھی مسکن، ملین اور مدر بول (پیشاب آور) ہے۔ اس کا استعمال خاص طور پر کھانسی کے لیے بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ یہ بلغم وغیرہ کو اعتدال کے ساتھ پتلا کرتی ہے۔ پیاس اور معدے کی سوزش (جلن) کے لیے مفید ہوتی ہے۔ عضلات (پٹھے) اس سے قوی ہوتے ہیں۔ حلق کی خشکی دور کرتی ہے اور بلغم خارج کر کے سینے کو صاف کردیتی ہے۔ دنیا کے مختلف ملکوں میں اسے کھانسی، حلق وغیرہ کی تکالیف کے لیے مختلف طریقوں سے استعمال کیا جاتا ہے۔ سخت کھانسی کی صورت میں یورپ میں اسے السی کے ساتھ جوش دے کر بطور چائے پیتے ہیں۔ اس سے گلے، حلق کی دکھن، خراش اور کھانسی کو بہت آرام ہوتا ہے۔ مغربی ملکوں کے نباتی معالجین (ہربلسٹ) اسے آنتوں اور پیشاب کی نالیوں سے نزلاوی مادے کے اخراج کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔

ایک نسخہ

مغربی معالجین نباتات میں لندن کے ایک معالج ڈاکٹر میلون کا یہ نسخہ کھانسی کی تکلیف کے لیے بہت مقبول ہے۔

السی کے بیج 12 گرام
ملیٹھی 25 گرام
عمدہ کشمش 125 گرام
تازہ پانی 2 لیٹر

پانی میں تمام اجزا ڈال کر دھیمی آنچ پر ڈھک کر اتنا پکائیں کہ پانی نصف رہ جائے۔ اب اس میں 500 گرام اچھی قسم کا گڑ شامل کر کے چھان کر قوام درست کرلیں۔ سوتے وقت ایک پیالی گرم پانی میں چائے کے 4 چمچے یہ شربت گھول کر اس میں آدھے لیموں کا رس شامل کر کے دھیرے دھیرے پینے سے کھانسی کی تکلیف سے نجات مل جاتی ہے۔ جب بھی کھانسی ستائے اسے پینا مفید ہوتا ہے۔

واضح رہے کہ انگلستان کے مقابلے میں دیگر یورپ اور چین میں اس کا استعمال زیادہ ہوتا ہے۔ ان ملکوں میں اس کا سفوف دیگر دواؤں مثلاً سناء کے ساتھ ملا کر بطور ملین بھی استعمال کرتے ہیں۔ اس سے آنتوں کی حرکت تیز ہو کر قبض دور ہوجاتا ہے۔

چین کے شمالی صوبوں میں ملیٹھی اور اس کے مرکبات کو ایک مفید شباب آور ٹانک سمجھا جاتا ہے۔ اطباء اور ماہرین طب جدید نے اسے سانپ اور بچھو کے کاٹے میں بھی مفید بتایا ہے۔ اس کے پتوں کا لیپ سر کے زخموں اور بغل کی بدبو زائل کرنے میں بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ ملیٹھی کھانسی کے علاوہ نزلہ زکام اور ضیق النفس (دمہ) میں بھی مفید ہوتی ہے۔ ملیٹھی میں معدے اور آنتوں کا زخم بھرنے کی صلاحیت بھی پائی جاتی ہے۔

ملیٹھی کے مضر اثرات

یورپ اور امریکہ میں ہونے والی تحقیقات کے مطابق ملیٹھی کے کیمیائی جوہر گلیسیرہیزن کی کثرت سے جسم میں پوٹاشیم کی مقدار اور سوڈیم کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔ ایک برطانوی ماہر کے مطابق چند ہفتوں تک دن میں دو مرتبہ 3 اونس ملیٹھی کے استعمال سے جسم میں پانی کی مقدار بڑھ جاتی ہے اور پوٹاشیم کم ہو کر بلڈ پریشر میں اضافہ ہوجاتا ہے۔

امریکی محکمہ زراعت کے پودوں کے ماہر ڈاکٹر جیمس ڈیوک کے مطابق ملیٹھی میں بلاشبہ پیٹ اور آنتوں کے زخم ٹھیک کرنے کی صلاحیت ہی موجود نہیں ہوتی بلکہ اس میں سرطان دور کرنے کی خصوصیات بھی پائی جاتی ہیں۔

ماہرین کی رائے میں ملیٹھی کم مقدار میں مفید ہوتی ہے۔ تاہم بلڈ پریشر کے مریضوں کو اس کے استعمال سے پہلے معالج سے ضرور مشورہ کرنا چاہئے۔ اس سلسلے میں معالجین کو ملیٹھی کے نقصان دہ پہلو کو پیش نظر رکھ کر ایسے مریضوں کو بہت احتیاط کے ساتھ اسے استعمال کرانا چاہئے۔ ملیٹھی کی بڑی خوراکیں اور زیادہ دن اس کا استعمال دل کے لیے سخت مضر ہے۔

(ماہنامہ ہمدرد صحت جون 2005ء)

چار پیسے کی دیا سلائیوں سے بہت بڑے تاجر کیسے بنے

بھیک نہ مانگنے کا عہد اور تجارت کی برکات

ساہیوال ضلع شاہ پور (حال ضلع سرگودھا) کے ایک بڑے تاجر مولوی عبداللہ صاحب کس طرح بہت بڑے تاجر بنے۔ مولوی عبداللہ صاحب نے حضرت مولانا نورالدین صاحب امام جماعت اول سے بیان کیا کہ:۔

میں مکہ معظمہ میں حج کو گیا۔ اس زمانہ میں بہت ہی غریب تھا۔ مکہ معظمہ میں صبح سے شام تک "لقمۃ للہ مسکین" کی صدا سے بھیک مانگتا تھا۔ پھر بھی کافی طور پر پیٹ نہیں بھرتا تھا۔ اور تمام دن بازاروں گلی کوچوں میں پھرتا رہتا تھا۔ ایک دن میرے دل میں خیال آیا کہ تو اگر بیمار ہو جائے اور اتنا زیادہ نہ چل سکے تو بھوک کے مارے مرجائے گا۔ اس تحریک کے بعد میں نے ارادہ کیا کہ بس آج ہی مرجائیں گے اور سوال نہ کریں گے۔

پھر میں بیت اللہ شریف میں چلا گیا۔ اور پردہ پکڑ کر یوں اقرار کیا کہ اے میرے مولا گو تو اس وقت میرے سامنے نہیں مگر میں اس بیت اللہ کا پردہ پکڑ کر عہد کرتا ہوں کہ کسی بندہ اور کسی مخلوق سے اب نہیں مانگوں گا۔

یہ معاہدہ کر کے پیچھے ہٹ کر بیٹھ گیا۔ اتنے میں ایک شخص آیا۔ اس نے میرے ہاتھ پر ڈیڑھ آنہ کے پیسے (اس وقت کے انگریزی سکہ کے چھ پیسے جب کہ روپیہ کے 64 پیسے ہوتے تھے۔ ناقل) رکھ دیئے۔ اب میرے دل میں یہ شک ہوا کہ میری شکل سائل کی سی ہے۔ گو میں نے زبان سے سوال نہیں کیا۔ اس لئے میرے لئے یہ پیسے جائز ہیں یا نہیں۔ میں یہ سوچنے لگا اور وہ شخص اتنے میں غائب ہوگیا۔ میں نے وہاں سے اٹھ کر دو پیسے کی تو روٹی کھائی اور چار پیسے کی دیا سلائیاں خریدیں جو بارہ ڈبیاں ملیں چونکہ مجھ کو گلی کوچوں میں دن بھر چلنے کی عادت تو تھی ہی۔ ان دیا سلائیوں کو ہاتھ میں لے کر کبریت کبریت کہتا پھرتا تھا۔ تھوڑی دیر میں وہ چھ پیسے کی بک گئیں۔ پھر میں نے چھ پیسے کی خریدیں وہ بھی اسی طرح بیچ دیں۔ آخر شام تک میرے پاس ایک چونی ہوگئی (یعنی چار آنے۔ گویا ایک آنہ سے چار آنے بن گئے۔ ناقل) دو پیسے کی روٹی کھا کر۔ رات کو سو رہا۔ دوسرے دن پھر دیا سلائیاں خریدیں اور اسی طرح بیچیں، چند روز کے بعد وہ اتنی ہوگئیں کہ جن کے اٹھانے میں دقت ہوتی تھی۔ آخر میں نے دو مختلف چیزیں جن کی عورتوں کو ضرورت ہوتی ہے، خریدیں اور بقچہ کمر سے لگا کر پھرنے لگا۔ مگر سودا ایسا خریدتا تھا اور نفع اس قدر کم لیتا تھا کہ شام تک سب فروخت ہو جائے۔ رات کو بالکل فارغ ہو کر سوتا تھا۔ کچھ دنوں کے بعد ایک چادر بچھا کر اس پر سودا جما کر بیٹھ جاتا اور فروخت کرتا۔ پھر اس قدر ترقی ہوئی کہ میں نے نصف دوکان کرایہ پر لے لی۔ پھر اس قدر ترقی ہوئی کہ میں بمبئی آ گیا۔ وہاں قرآن شریف خریدتا اور اردگرد کے گاؤں میں اور قصبوں میں لے جا کر فروخت کرتا تھا۔ پھر میری ایسی ساکھ بڑھی کہ میں تیس ہزار روپیہ کے قرآن شریف خرید کر تمہارے شہر بھیرہ میں لے گیا اور تمہارے والد نے وہ سب خرید لئے۔ مجھ کو اس میں منافع عظیم ہوا۔ پھر دوبارہ اسی طرح ہزاروں ہزار کے قرآن شریف خرید کرلے جاتا۔ جب میں نے دیکھا کہ اب روپیہ بہت زیادہ ہوگیا ہے اور اس تجارت سے بڑھ رہے تو میں نے کپڑے کی تجارت شروع کی یہ میری عادت تھی کہ مال بہت جلد فروخت کردیتا تھا۔ اور نفع بہت کم لیتا تھا۔ اب مال اس قدر بڑھا کہ میں برہان پور سے اس کو اٹھا نہ سکا۔ میں نے یہیں کوٹھی بنا لی اور اب میں اتنا بڑا آدمی ہوں۔

حضرت امام جماعت اول فرماتے ہیں اس سے مجھ کو اس حدیث کا مضمون صحیح ثابت ہوا جس میں ارشاد ہے کہ تجارت میں بڑا رزق ہے۔

(مرقاۃ الیقین ص 89-90)

سب سے بڑا ریلوے سٹیشن

گرانڈ سنٹرل ٹرمینل (Grand Central Terminal) نیویارک شہر، امریکہ رقبہ 48 ایکڑ۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 50496 میں نعمان احمد نظام

ولد اظہر احمد نظام قوم رکھی راجپوت پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن واہ کینٹ ضلع راولپنڈی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد نعمان احمد نظام گواہ شد نمبر 1 لئیق احمد سنوری ولد بشیر احمد سنوری گواہ شد نمبر 2 محمد افضل ڈار ولد محمد اکبر ڈار

مسل نمبر 50497 میں نوید احمد سنوری

ولد لئیق احمد سنوری قوم شاہی آرائیں پیشہ ملازمت عمر 29 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن واہ کینٹ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-8-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/23400 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد نوید احمد سنوری گواہ شد نمبر 1 لئیق احمد سنوری والد موصی گواہ شد نمبر 2 محمد یوسف وصیت نمبر 16762

مسل نمبر 50498 میں شمائل احمد نظام

ولد اظہر احمد نظام قوم راجپوت رکھی پیشہ طالب علم عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن واہ کینٹ ضلع راولپنڈی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-8-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد شمائل احمد گواہ شد نمبر 1 محمد افضل ڈار وصیت نمبر 36112 گواہ شد نمبر 2 رشید محمود وصیت نمبر 17477

مسل نمبر 50499 میں مبشر احمد

ولد احمد دین قوم بھٹی پیشہ ملازمت عمر 36 سال بیعت 1983ء ساکن گدوال واہ کینٹ ضلع راولپنڈی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-8-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/7500 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد مبشر احمد گواہ شد نمبر 1 وسیم احمد شاکر ولد عبدالرحمٰن شاکر مرحوم گواہ شد نمبر 2 عبدالغفور نجم وصیت نمبر 37773

مسل نمبر 50500 میں شیخ انوار الحق رضوان

